پاکستان سکول، عیسیٰ ٹاؤن/منامہ - مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ء تا 2021ء

| | | |
|---|---|---|
| جماعت: سوئم | مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدابہار |
| نظم کا نام: حمد | صفحہ نمبر: 1 | پہلی سہ ماہی |

## حمد:



پڑھائی: اس نظم کو درست تلفظ اور تاثرات کے ساتھ پڑھیے۔

**الفاظ معنی:**

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| پالن ہار | پالنے والا |
| ہریالی | سبزہ پودے اور درخت |
| بالی | گندم کے پودے کی شاخ |
| جلوے | نظارے |
| جدا | الگ |
| بھید | راز |

**ارکان ملا کر لفظ بنایئے۔**

| | |
|---|---|
| د+مک+تے=دمکتے | پے+ڑ=پیڑ |
| چ+مک+تے=چمکتے | م+زہ=مزہ |
| بھے+د=بھید | کھے+توں=کھیتوں |
| اچھ+چھی=اچھی | چی+ز=چیز |
| م+ر+ضی=مرضی | عق+ل=عقل |

**سوال/جواب:**

**سوال نمبر 1: حمد کسے کہتے ہیں؟**

جواب: ایسی نظم جس میں اللہ کی تعریف بیان کی گئی ہو اسے حمد کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 2: اس حمد میں اللہ کی بنائی ہوئی جن چیزوں کا ذکر ہے ان کے نام لکھیں۔**

جواب: سورج، چاند، تارے، پھول اور باغ۔

***ملتی جلتی آواز والے الفاظ ہم آواز کہلاتے ہیں۔**

**مثلاً:**

کھلائے، اگائے- تمیز، چیز

چمکتے، دمکتے- ہریالی، بالی- ڈریں، کریں۔

**الفاظ/جملے:**

عقل: میں عقل سے کام کرتی ہوں۔

پھول: مجھے پھول بہت پسند ہے۔

چمکتے: رات کو آسمان پر تارے چمکتے ہیں۔

مزہ: مجھے کرکٹ کھیلنے میں مزہ آتا ہے۔

**گھر کا کام:** نظم حمد کو خوش خط کر کے لکھیں اور پڑھائی کریں۔

اللہ کی بنائی ہوئی پانچ چیزوں کے نام لکھیے اور ان کی تصاویر بھی بنائیے۔

پاکستان سکول عیسیٰ ٹاؤن/منامہ، مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020ءتا2021ء

| | | |
|---|---|---|
| مضمون: اردو | کتاب کا نام: سدا بہار | نظم کا نام: حمد |
| نام طالبعلم:----------------------- | جماعت: سوئم (فریق)-------------- | تاریخ:----------------------- |

## سر گرمی:

### سوال نمبر1: حروف الگ کیجیے۔

| | |
|---|---|
| پھول: ____________ | پیڑ: ____________ |
| سورج: ____________ | چاند: ____________ |
| چمکتے: ____________ | قدرت: ____________ |
| کھیتوں: ____________ | اچھی: ____________ |

### سوال نمبر2: جملے بنائیے۔

**الفاظ:** جملے

پھول: ________________________________

گھر: ________________________________

سورج: ________________________________

مرضی: ________________________________

سوال نمبر 3: نماز روزہ اور دوسری عبادات کے علاوہ اللہ کی پسند کے پانچ کام لکھیے۔